یہ روش اس لیے اختیار کی گئی ہے کہ عربی زبان سے ناواقف قاری کو کوئی اشتباہ نہ ہو۔

• ــــ ہر سطر کے متن کا ترجمہ اُسی سطر میں دیا گیا ہے، اردو سادے کی خاطر بھی اس التزام کو نہیں بدلا۔

اس طرح ایک معمولی اردو خواں بھی ترجمہ آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

• ــــ اس ترجمہ کی سب سے اہم اور منفرد خصوصیت یہ ہے کہ یہ ترجمہ ایک شخص کی ذاتی کاوش نہیں، نہ کسی خاص مسلک کی ترجمانی ہے بلکہ اہل السنت والجماعت دیوبندی بریلوی، اور اہلِ حدیث تینوں مسلک کے علماء کرام کا متفقہ ہے۔ یہ ترجمہ جُدا جُدا پاروں کی شکل میں شائع ہو رہا ہے تاکہ مساجد کے مکاتب میں، سکول کالجوں میں، اور قرآن خوانی کی مجالس میں استفادہ کیا جا سکے۔ اس وقت تک سولہ پاروں کا ترجمہ ہو چکا ہے، تیرہ شائع ہو چکے ہیں۔ ہدیہ فی پارہ لاگت سے کم ساڑھے سات روپے رکھا گیا ہے طلباء کے لیے اس سے بھی کم ہے۔

دس پارے ایک جلد میں بھی شائع ہو چکے ہیں۔

آسان عربی قواعد

مرتبہ صفیہ ناہید سعید، مقیم جدہ (سعودی عرب)

ناشر: مسلم اکادمی محمد نگر لاہور

بڑا سائز ۲۰×۳۰/۸ ۱۱۲ صفحات، سفید کاغذ

اختصار کے باوجود تمام ضروری قواعد کتاب میں موجود ہیں، ہر قاعدہ واضح انداز میں بیان کیا گیا ہے اور متعدد مثالوں سے واضح کیا گیا ہے، پوری کتاب میں کوئی ایک مثال بھی کلام اللہ سے باہر کی نہیں جس سے کتاب کی افادیت دو چند ہو گئی ہے۔

مرتبہ ایک عرصہ سے سعودی عرب میں مقیم ہیں اس سے اُن کی زبان دانی میں اور بھی اضافہ ہو گیا ہے۔

سادات بنو اُمیّہ

از مولانا حسین احمد قریشی خطیب مرکزی جامع مسجد بھوئی گاڑ براستہ فاروقیہ ضلع اٹک۔

صفحات ۳۲، کتابت و طباعت معیاری ؛ قیمت: ۵ روپے۔ (بقیہ صفحہ نمبر ۳۰ پر)